# مجلسِ آئمہ مساجد کے

# 36 مدنی پھول



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# ''مسجد بھرو تحریک جاری رہے گی اِنْ شاء اللہ عَزَّوَجَلَّ'' کے 36 حروف کی نسبت سے مجلس آئمہ مساجد کے 36 مَدَنی پھول

**فرمانِ امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ:

دعوتِ اسلامی کا 99.99% کام انفرادی کوشش سے ممکن ہے۔

﴿1﴾ فرمانِ مصطفٰی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہے: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ. یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (المعجم الکبیر للطبرانی، الحدیث: ۵۹۴۲، ج۶، ص۱۸۵) اس لیے مجلس آئمہ مساجد کا ہر ذِمہ دار امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ ''**72 مدنی انعامات**'' میں سے ''**مدنی انعام نمبر 1**'' پر عمل کرتے ہوئے یہ نیّت کرتا رہے کہ: ''میں اللہ عزّوجلَّ کی رِضا اوراس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے ''مجلسِ آئمہ مساجد'' کا مدنی کام شرعی و تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق کروں گا۔ اِن شاء اللہ عزَّوَجلَّ۔

﴿2﴾ **مجلس آئمہ کا اوّلین کام مساجد اہلسنت کا تحفظ کرنا نیز مساجدِ اہلسنّت میں اہل آئمہ ومؤذنین کا تقرر کرنا**، ان کے مشاہرے (تنخواہوں) کی ادائیگی کرنا، مساجد میں درپیش مسائل کو شرعی و تنظیمی رہنمائی کے بعد باہمی مشاورت سے حل کرنا ہے نیز مسجد کمیٹی اور اہلِ محلّہ کو تبلیغِ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوت اسلامی** کے مدنی ماحول سے وابستہ کرتے ہوئے اس مدنی مقصد ''**مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے**'' اِنْ شَآءَ اللہ عزَّوَجلَّ'' کے مطابق زندگی گزارنے کا مدنی ذہن دینا ہے۔

﴿3﴾ امامت دعوتِ اسلامی کے اہم ترین کاموں میں سے ایک کام ہے، مساجد کے تحفظ اور ان میں مدنی کاموں کی ترقی کے لیے ایک امام کا کردار نمایاں ہوتا ہے لہٰذا مجلس آئمہ مساجد کے ذمہ داران دعوتِ اسلامی کے تمام شعبوں سے منسلک اور دیگر اسلامی بھائیوں میں امامت کی اہمیت وافادیت بیان کرتے ہوئے انھیں امامت کا ذہن دیں۔

﴿4﴾ مجلس آئمہ مساجد کے ذمہ داران، شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی طرف سے عطا کیے گئے ''**امام مسجد کے 30 مدنی پھول**'' کا از خود بھی مطالعہ فرمائیں اور اسی کے مطابق اپنے تحت ائمہ کرام کی تربیت کو جاری رکھیں اور انھیں ان مدنی پھولوں پر عمل کا پابند بنائیں۔

# امام مسجد کے لیے30 مدنی پھول

(از: شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ)

☆امامت اسلام کی بہترین خدمت اور رزقِ حلال کے حصول کا عظیم ذریعہ ہے مگر لاپرواہی کے باعث مقتدیوں کی نمازوں کا بوجھ جہنم میں پہنچا سکتا ہے، لہٰذا ممکن ہو تو دعوتِ اسلامی کے عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ محلّہ سوداگران پرانی سبزی منڈی باب المدینہ کراچی (یا جہاں میسر آئے) میں "امامت کورس" (۱۲ماہ) ضرور ضرور ضرور کیجیے (۱) بہارِ شریعت کے ابتدائی چار (4) حصے پڑھ کر سمجھ لیجیے، ضرورتاً علمائے اہلسنّت سے بھی رہنمائی حاصل کیجئے (۲) نماز میں جو سورتیں واذکار پڑھتے ہیں وہ لازماً کسی سنّی قاری کو سنادیں (۳) اگر معاشی پریشانی نہ ہو تو بلا اجرت امامت ان شاءاللہ عزوجل آپ کے لیے دونوں جہاں میں باعثِ سعادت ہے (۴) بلاسخت مجبوری تنخواہ بڑھانے کا مطالبہ مناسب نہیں نیز زیادہ مشاہرے کی لالچ میں دوسری مسجد میں چلے جانا ایک امام کو کسی طرح زیب نہیں دیتا (۵) مہربانی کر کے پیشگی تنخواہ نہ لیں بلکہ پہلی تاریخ سے قبل بھی تنخواہ قبول نہ کریں کہ زندگی کا کیا بھروسہ! (۶) سوال کرنے، قرض مانگنے سے بچیں ورنہ اس کا نقصان خود ہی دیکھ لیں گے (۷) آج کل امام اپنے آپ کو "خطیب" اور مؤذن خود کو "نائب امام" کہنا کہلوانا پسند کرنے لگے ہیں، امام الانبیاء صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم کے غلام کو "امام" اور سرکار صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم کے مؤذن سیدنا بلال رضی اللہ عنہ کے دیوانے کو "مؤذن" کہلوانے میں شرم محسوس نہیں کرنی چاہیے (۸) لباسِ تقویٰ اختیار کریں۔ جھوٹ، غیبت، چغلی، وعدہ خلافی وغیرہ گناہوں سے پرہیز کرتے رہیں، اس سے آخرت کے خسارے کے ساتھ ساتھ دنیا میں بھی یہ ہوگا کہ لوگ آپ سے بدظن ہوں گے (9) زیادہ بولنے، قہقہہ لگانے اور مذاق کرنے سے عزت اور رُعب میں کمی آتی ہے، مقتدیوں سے بے تکلف بھی نہ بنیں (۱۰) حُبِّ جاہ سے بچیں، شہرت وعزّت بنانے کی خواہش آپ کے لیے باعثِ ہلاکت ہوسکتی ہے (۱۱) امام کا ملنسار ہونا بے حد ضروری ہے لہٰذا نمازوں کے بعد لوگوں سے ملاقات کریں پھر تھوڑی دیر کے لیے وہیں تشریف رکھیں مگر دنیا کی باتیں ہرگز نہ کریں صرف دینی گفتگو وہ بھی آہستگی کے ساتھ ہو کہ نمازیوں وغیرہ کے لیے تشویش کا باعث نہ بنے (۱۲) جو امام ملنسار نہیں ہوتا، لوگوں سے دور دور رہتا ہے صرف اپنے جیسے داڑھی عمامے والوں ہی سے میل جول رکھتا ہے تو عام لوگ بھی اس سے دور بھاگتے ہیں اور اگر امامت وغیرہ میں "آڑا وقت" آتا ہے تو تعاون حاصل نہیں ہوتا اور پھر۔۔۔۔۔۔ (۱۳) مؤذن صاحب، خدّامِ مسجد سے بنا کر رکھیں۔ ان پر حکم چلانے کی بجائے سعادت سمجھتے ہوئے مسجد کی صفائی اپنے ہاتھوں سے کرتے رہا کریں۔ دریاں خود بچھائیں، غیر ضروری بتّی پنکھے وغیرہ خود بند کر دیا کریں (۱۴) وضو خانہ وغیرہ کی صفائی میں بھی خدّامِ مسجد کا ہاتھ بٹادیا کریں۔ ان شاءاللہ عزوجل محبت

www.dawateislami.net

بھری فضاء قائم ہوگی اوران کو مدنی قافلوں میں سفر کرانا آپ کے لیے آسان ہوگا (۱۵) انتظامیہ مسجد کے ساتھ ہرگز الجھاؤ پیدا نہ کریں، ان کے ساتھ حسنِ سلوک کے ساتھ پیش آئیں اور کوشش کر کے انھیں دعوتِ اسلامی کے مدنی قافلوں میں سفر کرائیں (۱۶) کسی بھی سنّی امام وانتظامیہ سے ہرگز نہ بگاڑیں۔ان پر تنقید کر کے انھیں اپنا مخالف نہ بنائیں اگر بالفرض آپ سے کبھی کوتاہی ہو بھی جائے تو فوراً معافی مانگ لیں، ہاں جس کی شرعی غلطی ہو حسنِ تدبیر کے ساتھ براہِ راست اس کی اصلاح کریں (۱۷) اطراف کی مساجد کے آئمہ اہلسنّت اور انتظامیہ سے مراسم استوار کریں اورانھیں دعوتِ اسلامی کے مدنی قافلوں میں سفر کرائیں (۱۸) جُمُعَہ،عیدین کی شرائط میں سے یہ بھی ہے کے انھیں قائم کرنے والا حاکمِ اسلام یا اس کا ماذُون (یعنی اجازت یافتہ) ہو، فی زمانہ علماءِ اہلسنّت ہی حاکمِ اسلام کے قائم مقام ہیں،لہٰذا اپنے شہر کے سب سے بڑے سنّی عالم (جس کی طرف لوگ شرعی مسائل میں رجوع کرتے ہوں) سے اجازت لے لیجئے۔اب اجازت یافتہ اُسی مسجد وغیرہ میں جُمُعہ و عیدین قائم کرنے کے لئے دوسرے کو اجازت دے سکتا ہے۔اگر پورے شہر میں کوئی بھی ایسا عالم نہ ہو تو عام لوگ جس کو چاہیں اپنے لیے جُمعہ وعیدین کا امام بنا سکتے ہیں (خصوصاً نئی تعمیر کردہ مساجد میں اس مسئلہ کا خیال رکھا جائے) (۱۹) جُمُعَہ وعیدین میں " خطباتِ رضویہ "ہی پڑھیں کہ یہ اللہ عزوجل کے ولی اور عاشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور مجدّدِ اعظم ،امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کے مرتب شدہ ہیں۔ان کے الفاظ میں کمی بیشی نہ کریں کہ ولی کے زبان وقلم سے نکلے ہوئے الفاظ بھی " تبرک "ہوتے ہیں (۲۰) جُمُعَہ کو عموماً نمازیوں کی اکثریت خطبہ کے وقت پہنچتی ہے۔ایسے میں لوگوں کی نفسیات کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے۔مثلاً مقررہ وقت پر جماعت قائم ہونا، بیان میں دلچسپی کا سامان مہیا کرنا وغیرہ۔ بیان آسان اور سادہ الفاظ پر مشتمل ہو عوام میں اَدَق مضامین نہ چھیڑیں بلکہ اصول کَلِّمُوْا النَّاسَ عَلٰی قَدْرِ عُقُوْلِهِمْ (یعنی لوگوں کی عقلوں کے مطابق کلام کرو) کو مدِّ نظر رکھیں۔لوگ اولیاء اللہ رَحِمَهُمُ الله کی حکایات وکرامات عموماً دلچسپی سے سنتے ہیں اور اگر ان کو سنّتیں سکھائی جائیں تو ایک دَم قریب آجاتے ہیں۔قبر وآخرت کی تیاری کا ذہن بھی دیں ہر بیان کا اختتام دعوتِ اسلامی کے سنّتوں کی تربیت کے مدنی قافلوں کی برکتوں پر ہو تو مدینہ مدینہ۔۔۔(۲۱) بیان، خطبہ، دعا وصلوۃ وسلام وغیرہ کے لیے حسبِ ضرورت اسپیکر منہ کی سیدھ میں پہلے ہی سے جما لیں پھر اس کو آن (ON) کریں ورنہ اس کی کھڑ کھڑ کا انتہائی ناپسندیدہ شور مسجد میں گونجے گا (۲۲) علمائے اہلسنّت کے مابین جن مسائل میں اختلاف پایا جاتا ہے اُن کے بیان سے اجتناب فرمائیں (۲۳) اگر آپ باصلاحیت عالمِ دِین ہیں تو روزانہ درسِ قرآن (کنزالایمان شریف سے) اور درسِ حدیث دینے کا شرف حاصل کریں (۲۴) بیان وغیرہ میں اپنے لیے عاجزی کے الفاظ کہتے وقت دل پر غور کرلیا کریں اگر قلب عاجزی سے خالی ہو تو انکساری کے الفاظ سے آپ خود کو جھوٹ اور

www.dawateislami.net

ریاکاری کے گناہ سے کس طرح بچاسکیں گے؟ (۲۵) درس و بیان سے قبل تیاری کی عادت بنائیں ضرورتاً علمائے اہلسنّت کی کتب سے فوٹوکاپیاں کرواکر اپنی ڈائری میں چسپاں کرلیں (۲۶) دیگر کتبِ دینیہ کے ساتھ ساتھ حُسامُ الحرمین، احیاء العلوم، منہاج العابدین وغیرہ بھی مطالعہ میں رکھیں (۲۷) روزانہ فیضانِ سنّت کے درس میں شرکت فرمایا کریں اور ضرورتاً خود بھی درس دے دیا کریں (۲۸) آپ کی مسجد میں ہفتہ وار علاقائی دورہ ضرور ہونا چاہیے۔ اس میں آپ خود بھی شریک رہیں پھر دیکھیں آپ کی مسجد میں سنّتوں کی کیسی بہاریں آتی ہے ان شاءاللہ عزوجل (۲۹) ہر ماہ کم ازکم تین 3 دن مدنی قافلے میں سفر کواپنا معمول بنائیں، ان شاءاللہ عزوجل آپ کی بیٹری چارج ہوتی رہے گی (۳۰) ہر ماہ مدنی انعامات کا رسالہ پُر کرکے ذمہ دار اسلامی بھائی کوجمع کراتے رہیں ان شاءاللہ عزوجل تقویٰ پیدا ہوگا۔

﴿5﴾ مجلسِ آئمہ کے ذمہ داران اپنے پاس (مدنی، غیرمدنی، حافظ وقاری مبلغ، مدرس، طلبہ) آئمہ کرام کی فہرست (لسٹ) بنائیں تاکہ ملک و بیرونِ ملک (As Per Condition) ضرورت کے مطابق آئمہ کرام کو ان کی صلاحیت کے مطابق فراہم (امامت پر فائز) کیا جاسکے۔

﴿6﴾ مجلسِ آئمہ کے ذِمہ داران، سرکاری و غیرسرکاری/ پرائیوٹ اِداروں کی فہرست (لسٹ) بنائیں اور ان میں امامت کرنے والوں کا مکمل ریکارڈ رکھیں، ہر ادارے میں دعوتِ اسلامی کے امام کے تقرر کی کوشش فرمائیں۔

﴿7﴾ مجلس آئمہ کے ذمہ داران، مساجد کے اخراجات کو خود کفیل بنانے کی کوشش فرمائیں اس کے لیے شخصیات سے پیشگی وقت لیکر مدنی حلقہ/ وی سی ڈی اجتماع کی ترکیب بنائیں۔

﴿8﴾ شخصیات سے ملاقات کے لئے بہتر یہ ہے کہ دو/ تین اسلامی بھائی مل کر جائیں، ملاقات کی ابتداء میں اپنی تنظیمی ذمہ داری اور مجلسِ آئمہ و دعوتِ اسلامی کے دیگر شعبہ جات مثلاً مدنی چینل، مجلس شعبۂ تعلیم، مجلس آئی ٹی، دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ (www.dawateislami.net)، مجلس خصوصی اسلامی بھائی، مجلسِ اصلاح برائے قیدیان وغیرہ کا تعارف کروائیں، شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرتِ علامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطّاؔر قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کی دینی خدمات سے آگاہ کریں اور موقع پاتے ہی امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کا مرید/ طالب بنانے کی کوشش کرتے رہیں، مرید/ طالب ہوجائیں تو (مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ) سے مکتوب کی بھی ترکیب بنائیں۔ اسی طرح ضرورتاً اپنی تعلیمی قابلیت (Educational Qualification) بیان کرنا مفید ہے۔

﴿9﴾ دورانِ گفتگو اُن کی ہر بات پر ہاں میں ہاں ملائیں نہ سرہلا کر تائید کریں، اِختلافی مسائل، فُضول گفتگو اور سیاسی معاملات پر گفتگو سے مکمل اِجتناب کریں۔ اِنفرادی کوشش کرتے ہوئے خوفِ خدا و عشقِ مصطفیٰ، اِخلاص و اخلاقِ حَسَنہ سے متعلق گفتگو

www.dawateislami.net

کریں نیز انبیاء وصحابہ واولیاء (علیھم الصلوۃ والسلام وعلیھم الرضوان) کی اسلام کی خاطر قربانیاں اور اِصلاحِ اُمت کے لئے دعوتِ اسلامی اور بانیٔ دعوتِ اسلامی دامت برکاتہم العالیہ کا کردارِ باصفا جیسے عنوانات پر ہی گفتگو کریں۔ اور ساتھ ہی راہ خدا میں خرچ کرنے کے فضائل بیان کرکے مسجد کو خود کفیل کرنے کا ذہن دیں ❁ ملاقات مختصر (5 سے 12 منٹ) ہو، اگر وہ دلچسپی ظاہر کریں۔

﴿10﴾ حدیثِ پاک میں ہے "تَھَادَوْا تَحَابُّوْا" یعنی ایک دوسرے کو تحفہ دو، آپس میں محبت بڑھے گی۔ (مؤطا امام مالک، ج ۲، ص ۴۰۷، رقم ۱۷۳۱) پر عمل کی نیت سے اختتامِ ملاقات پر شخصیات وغیرہ کو ذاتی طور پر حسبِ استطاعت اور مخیّر اسلامی بھائیوں سے ترکیب بنا کر مکتبۃُ المدینہ کی مطبوعہ کتب ورسائل اور VCD وغیرہ بھی تحفۃً پیش کریں۔ جو رسالہ / کتاب / VCD پیش کریں اُسے اپنے پاس ڈائری میں نوٹ کرلیں تاکہ آئندہ ملاقات میں کوئی اور کتاب / رسالہ / VCD پیش کی جاسکے۔

﴿11﴾ مضبوط اور مستقل رابطہ، مجلس کے مدنی کام کی جان ہے، جن سے ملاقات ہواُن کا نام اور فون نمبر وغیرہ حاصل کرکے فہرست مرتب کریں اور بالمشافہ، SMS، Email یا، ضرورتاً فون کے ذریعے مسلسل رابطے میں رہیں۔

﴿12﴾ مساجد میں آئمہ ومؤذنین کی تقرری / تبدیلی اور معزولی، مجلس آئمہ اور مجلسِ اجارہ کی مشاورت سے ہوگی۔

﴿13﴾ مجلس آئمہ مساجد کے ذمہ داران کا روزانہ کا جدول اس طرح ہو کہ کم از کم دن کی 3 نمازیں (ظہر، عصر، مغرب) متفرق اجاروں والی مساجد میں ادا کریں، اور وہاں وقتِ مقررہ پر پہنچ کر چوک درس، مسجد درس، علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت میں شرکت اور دیگر مدنی کاموں میں از خود شامل رہیں اور آئمہ کرام سے بھی 12 مدنی کاموں میں شامل رہنے کی عرض کریں اور جہاں حاضری ہو اس دن امام صاحب کی حاضری شیٹ پر ذمہ دار اسلامی بھائی کے دستخط لازمی ہوں، اسی طرح ذکر شدہ اوقاتِ نماز کے علاوہ اور نمازوں میں بھی حاضری کی ترکیب ہو اور نمازوں کے درمیانی اوقات میں مساجدِ اہلسنّت میں حاضری و ملاقات اور آئمہ کرام کے ہمراہ نمازیوں کی عیادت وتعزیت اور غمخواری کی ترکیب بھی ہو۔

﴿14﴾ مجلسِ آئمہ مساجد کے ذِمہ داران ہر ماہ کا پیشگی جدول مدنی ماہ کی 19 تاریخ تک اپنے (نگرانِ مجلس) سے منظور کروالیں پھر اسکے مطابق ہی مساجد میں حاضری کو یقینی بنائیں، پیشگی جدول میں تبدیلی کی صورت میں اپنے ذمہ دار کو ضرور اعتماد میں لیں اور مہینہ ختم ہوتے ہی 2 دن کے اندر کارکردگی جدول اپنے نگران سے چیک کروا کر اِجارہ مکتب میں جمع کروادیں۔

﴿15﴾ مجلسِ آئمہ مساجد کے ذِمہ داران کوشش فرمائیں کہ آئمہ ومؤذنین اسلامی بھائیوں کو بروقت مشاہرہ مل جائے، اس کے لیے مدنی ماہ کی 29/30 تاریخ کو آئمہ کرام کے ماہانہ مدنی مشورہ میں ہی حاضری فارم وصول فرمالیں۔

﴿16﴾ مجلس آئمہ مساجد کے ذمہ داران، آئمہ ومؤذنین کی (قرات ومسائل) کی تفتیش کے لیے نام "**مجلسِ تفتیش برائے آئمہ**"

www.dawateislami.net

کے دیئے گئے جدول کے مطابق معلوماتی فارم پر مکمل معلومات درج کر کے مع دستخط و تاثرات کے بعد روانہ فرمائیں۔

《17》نئی مساجد، **مجلس آئمہ** کے تحت اسی صورت میں لی جائیں گی جب کہ ان کے کاغذات ''مجلس اثاثہ جات'' کے پاس جمع ہوں اور ''**مجلس اثاثہ جات**'' اس کی تصدیق کرے۔

《18》نئی مسجد میں امام کے تقرر سے پہلے، مجلس اجارہ کے اصول کے مطابق ضرورت برائے اجیر فارم وصول کر کے نگرانِ ڈویژن مشاورت، نگرانِ کابینہ، نگران مجلس آئمہ کے دستخط کے بعد نگرانِ کابینات یا متعلقہ رکن شوریٰ سے منظور کروا کر درخواست اجارہ مکتب میں جمع کروادیجئے، مجلس اجارہ، مجلسِ مالیات سے مشاورت کے بعد اجیر منظور کر کے مشاہرہ کا اجراء کرے گی۔

《19》جن مساجد میں کمیٹی نہیں ہے وہاں پر مجلس کا قیام عمل میں لایا جائے اور ایک رجسٹر (روزنامچہ) اس مجلس کے سپرد کر دیں جس میں آمدنی و اخراجات کی مکمل تفصیل درج ہو۔ آمدن و خرچ کی مکمل تفصیل مثلاً (کس تاریخ، کس مد میں، کتنی رقم آئی وغیرہ اور اخراجات کی تفصیل مثلاً کہاں اور کس مد میں خرچ کیے وغیرہ) اس کے واؤچرز ساتھ ضرور منسلک ہوں۔

《20》مساجد میں نظام کی مضبوطی و بہتری کے لیے 4 طرح کی ذیلی مجالس بنائی جائیں۔

**1۔آئمّہ کرام 2۔انتظامی امور 3۔تعمیر و مرمّت 4۔مالیات**

**1۔ائمّہ کرام**: (1) خطیب، امام و مؤذن کی شرعی تفتیش (مجلس تفتیش برائے آئمہ) کے ذریعے مدنی مرکز کے طریقہ کار کے مطابق اور خطیب، امام، مؤذن و خادم کے (مجلس اجارہ) کے ذریعے اجارے کرانا (2) **یکم تا 5 تاریخ** کے درمیان امام و مؤذن صاحبان کے مشاہرے پیش کرنا (3) ان کے مسائل حل کرنا (4) شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے ان کی ضروریات پوری کرنا (5) رمضان المبارک کی آمد سے قبل قاری و سامع اسلامی بھائیوں کا انتظام اور ان کا مدنی مرکز سے شرعی تفتیش اور اجارہ کروانا (6) مختلف مواقع پر مسجد میں ہونے والے اجتماعِ ذکر و نعت کے لیے مبلغِ دعوت اسلامی سے پیشگی وقت لینا وغیرہ۔

**2۔انتظامی امور**: ☆خدّامِ مسجد و مدرسہ ضرورت سے زائد بتی پنکھا نہ چلائیں اور وقت پورا ہوتے ہی فوراً بند کر دیں تاخیر کریں گے تو گناہگار ہوں گے، ہر ایک کو ان باتوں کا ہر جگہ بلکہ اپنے گھر میں بھی خیال رکھنا چاہیے (مدینہ ڈائری صفحہ 15)

(۱) معمولاتِ خادمین اور اندرون و بیرونِ مسجد کی چھتیں اور دیواریں، دروازے اور کھڑکیاں، وضو خانہ، استنجاء خانہ وغیرہ کی صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھنا (۲) ماہانہ مدنی مشورے کے لیے مجلس کے اسلامی بھائیوں سے رابطہ اور جمع کرنا (3) بڑی راتوں کے انتظامات (4) لنگرِ رضویہ کا انتظام کرنا (5) مسجد میں ہونے والی ہر محفل و اجتماع کی نگرانی (6) مسجد کے تمام سامان کی فہرست (لسٹ) بنانا اور ریکارڈ (Maintain) رکھنا مثلاً قالین، دریاں، چٹائیاں، گھڑیاں، بلب، انرجی سیور، پنکھے، وضو

www.dawateislami.net

خانہ کی تعدادٹونٹیاں اوراسکی کیفیت،استنجاء خانہ کی تعداداس میں لوٹے،ٹونٹیاں ودروازے اوران کی کیفیت،UPS / جنریٹر کی کیفیت ،اندرونِ مسجد کے اسپیکراور باہر کے ہارن،مائیک اور مشین کی تعداداوراس کی کیفیت،پانی کی موٹر کی تعداداوراس کی کیفیت وغیرہ۔

**3۔تعمیر و مرمت**: تعمیرات سے قبل مجلس تعمیرات (دعوتِ اسلامی) کے ذریعے اس جگہ کی شرعی تفتیش کرانا۔

اس مجلس کا ابتدائی کام یہ ہوگا کہ مسجد کی تعمیرات سے قبل دارالافتاء اہلسنّت سے شرعی رہنمائی لے کراس کاتعمیراتی کام کروائے۔ (۱)مسجد کے تعمیراتی کام کو چیک کرنا(۲)مسجد میں تعمیرات کی ضرورت کوتحریر کر کے ریکارڈ بنانا اور شخصیات سے رابطہ کر کے اس ضرورت کو پورا کرنا(3)مسجد میں جاری رہنے والی تعمیرات کو وقتاً فوقتاً چیک کرنا اور کمی کو پورا کرنا(4)بہتر تعمیرات کے لیے ٹھیکیداروں سے رابطہ کرنا۔

**4۔مالیات**: ☆جو چندہ جس مدّ یعنی عنوان کے تحت لیا اُسی میں خرچ کرنا واجب ہے مثلاً مسجد کے نام پر لیا ہوا چندہ مدّرسے اور دیگر نیک کاموں میں خرچ کر دیا تو توبہ کے ساتھ ساتھ تاوان (یعنی جتنا خرچ کیا وہ پلّے سے )ادا کرنا پڑیگا،لہٰذا چندہ لیتے وقت اس کے اصل مالک سے کہیے، یہ رقم ہمیں ہر نیک کام میں خرچ کرنے کی اجازت دے دیجیے،زکوٰۃ وفطرہ لیتے وقت ہر نیک کام میں خرچ کرنے کی اجازت مت لیجئے کیونکہ اس کے مستحق کو مالک بنانا شرط ہے۔بلا حیلہء شرعی مسجد کی تعمیر و مدرسین کی تنخواہ وغیرہ میں استعمال نہیں کر سکتے (جو چندہ مدنی مرکز کے لیے لیا یا دیا گیا وہ مدنی مرکز ہی میں جمع کرانا ہوگا۔(مدینہ ڈائری صفحہ 15)

(۱)عطیات جمع کرنا(۲)عطیات کی کمی کو پورا کرنا(۳)ماہانہ مشورے میں گوشوارہ پیش کرنا(۴) چھوٹے بڑے اخراجات کا مکمل حساب رکھنا(۵)ہر ماہ کی 26 تاریخ کوممبر کو ماہانہ عطیات دینے والوں کی رسیدیں دینا اور جلد عطیات جمع کرنا(6)ماہانہ Bills بلز کی ادائیگی(7)مسجد کی دکانوں کے کرائے وغیرہ کی ترکیب کرنا(8)جُمُعہ کے عطیات جمع کرنا(۲)شخصیات سے ماہانہ عطیات لینا(9)علاقہ سے عطیات جمع کرنا(10)بڑی راتوں کے لئے عطیات جمع کرنا۔

**مدینہ**: مجلس آئمہ کے ذمہ داران،مساجد میں بنائی جانے والی ذیلی مجالس کے دیگر اسلامی بھائی چندے کی رقم کا درست استعمال سیکھنے،اور رمالِ وقف کی احتیاطوں کوملحوظ رکھنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ درج ذیل کتابوں کا مطالعہ لازمی فرمائیں۔

☆وقف کے شرعی احکام،احترامِ مسجد اور مسجد کے احکام سے متعلق مدنی پھول حاصل کرنے کے لیے☆فیضانِ سنت، باب فیضانِ رمضان، حصہ فیضانِ اعتکاف ☆بہارِ شریعت جلد دوم حصہ 10 ☆چندے کے بارے میں سوال جواب☆ حلال طریقے سے کمانے کے 50 مدنی پھول☆ بہارِ شریعت حصہ 14 جلد سوم سے اجارہ کا بیان وغیرہ (شرعی رہنمائی کے لیے دارالافتاء

اہلسنّت سے مربوط (وابستہ) رہنے ہی میں عافیت ہے)

﴿21﴾ مجلسِ آئمہ کے ذمہ داران، مساجدِ اہلسنّت کے تحفظ، مدنی کاموں میں ترقی و مضبوطی اوران میں آئمہ کرام کی (قرأت و مسائل کی) شرعی تفتیش واِجاروں کے نفاذ کے لیے اجیر وغیراجیر آئمہ کرام کی ماہانہ کارکردگی بنائیں، آئمہ کرام کی ماہانہ کارکردگی بنانے اوراس کام کو بآسانی سرانجام دینے کے لیے اسے 4 حصوں میں تقسیم کیا گیاہے جوکہ درج ذیل ہیں، مجلس آئمہ کے ذمہ داران اس کے مطابق جدول بنائیں۔

1:مدنی مرکز کے تحت آئمہ کرام 2:مدنی مرکز کے علاوہ آئمہ کرام 3:مساجدِ اہلسنت میں آئمہ کرام 4،مساجداہلسنت میں آئمہ اہلسنّت

**1۔ مدنی مرکز کے تحت ائمہ کرام:** یہ وہ آئمہ کرام ہیں جنھیں دعوتِ اسلامی کے مدنی مراکز سے مشاہرے کی ادائیگی کی جاتی ہے **2۔ مدنی مرکز کے علاوہ آئمہ کرام:** یہ وہ آئمہ کرام ہیں جوکہ دعوتِ اسلامی کی پراپرٹی پر یادعوتِ اسلامی سے الحاق شدہ یا دعوت اسلامی کی ٹرسٹ شدہ مساجد میں مقرر ہیں اورانھیں مشاہرہ کمیٹی سے ملتا ہے **3۔ مساجد اہلسنت کے آئمہ کرام:** یہ وہ آئمہ کرام ہیں جن کاتعلق جامعۃ المدینہ یامدرسۃ المدینہ سے ہے اوروہ مدنی اسلامی بھائی یابڑی عمر کے طلبہ یاناظم ومدرس یامبلغ ہیں اورمساجدِ اہلسنّت میں مقرر ہیں اورانھیں مشاہرہ کمیٹی سے ملتاہے۔

**4۔ مساجد اہلسنت میں آئمہ اہلسنت:** یہ وہ آئمہ کرام ہیں جوکہ عملی طور پرتو دعوتِ اسلامی میں نہیں ہیں اورنہ ہی وہ مدنی اسلامی بھائی یابڑی عمر کے طلبہ یاناظم ومدرس یامبلغ ہیں، بلکہ کسی دوسرے جامعہ یامدرسہ سے فراغت پاکرامامت کررہے ہیں اورانھیں مشاہرہ کمیٹی سے ملتاہے۔

﴿22﴾ مجلس آئمہ کے ذمہ داران کوشش فرمائیں کہ تمام مساجداہلسنّت کے خطیب، امام، مؤذن، خادم کے اجارے مجلسِ اجارہ کی طرف سے (مسجد کمیٹی کے لیے) ترتیب دیے گئے اجارہ شرائط فارمز پر ہوں۔

﴿23﴾ وہ اسلامی بھائی جن میں امامت کی اہلیت نہ ہوانھیں امامت کورس کی ترغیب دلاکر امامت کورس کے کل وقتی یا جز وقتی درجوں میں داخل کرایا جائے، امامت کورس کے لیے شرائط درج ذیل ہیں،

**امامت کورس کی شرائط:** عمرکم ازکم 22 سال، اردولکھناپڑھنا جانتاہو، روانی کے ساتھ ناظرہ قرآنِ مجید کی تلاوت کرسکتا ہو، داڑھی شریف والا، مدنی ماحول سے منسلک ہو، دورانِ کورس مدنی حلیے کی پابندی لازمی ہے، اپنا اصل نادراشناختی کارڈ (اگرنہ ہوتوبرتھ سرٹیفکٹ یا''ب'' فارم) ساتھ لائیں، نگرانِ ڈویژن مشاورت کا تصدیق نامہ، ان کے شناختی کارڈ کی فوٹوکاپی اوروالدصاحب یاسرپرست کا اجازت نامہ اوران کے شناختی کارڈ کی کاپی ساتھ لائیں۔

www.dawateislami.net

## ﴿24﴾ ذمہ داران کی تقرری کی ترکیب:

| # | سطح | ذمہ دار | # | سطح | ذمہ دار |
|---|---|---|---|---|---|
| | ڈویژن | ڈویژن سطح پر 3 رکنی مجلس | | مُلک | نگرانِ مجلس (مجلسِ آئمہ) |
| 1 | کابینہ | کابینہ سطح پر 3 رکنی مجلس | 3 | رکنِ شوریٰ | مجلس آئمہ |
| 2 | کابینات | کابینات ذِمہ دار | 4 | | |

❁ 25 سے 30 مساجد پر ایک آئمہ ذمہ دار مقرر کیا جائے گا، کابینہ سطح پر بھی 3 رُکنی مجلس ہوگی (نگرانِ مجلس، کابینہ ذِمہ دار ہوگا) اور ممکنہ صورت میں نگران کی اجازت سے ڈویژن سطح پر بھی 3 رکنی مجلس بنائی جائے گی ❁ کابینات ذمہ داران پاکستان سطح کی مجلس کے رکن ہیں، اسی مجلس میں سے ایک مدنی انعامات، ایک مدنی قافلہ ذمہ دار اور ایک کارکردگی ذمہ دار ہوں گے ❁ مختلف ممالک میں مُلکی سطح پر مجلس ہوگی، جو رکنِ شوریٰ کے تحت ہوگی۔ (بیرونِ ملک والے ذمہ داران، متعلقہ رکنِ شوری کی اجازت کے بغیر ذمہ دار نہ بنائیں) ❁ یاد رہے! کسی بھی سطح کے اراکین و نگران کی تقرری کے لئے متعلقہ سطح کے نگران کی اجازت ضروری ہے۔

(امیر اہلِسنّت دامت برکاتہم العالیہ ہر مجلس میں مدنی اسلامی بھائی کے ہونے کو پسند فرماتے ہیں)

## ﴿25﴾ مدنی مشورہ کی تاریخیں و مدنی پھول

| # | تاریخ | مدنی مشورہ لینے والے کا نام | سطح | شرکاء | مدنی پھول |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | نگرانِ کابینہ / کابینہ ذمہ دار | کابینہ | ڈویژن سطح کی 3 رکن مجلس | انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول وجدول کارکردگی، ذِمہ داران کے تقرر، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ |
| 2 | 4 | نگرانِ کابینات / کابینات ذمہ دار | کابینات | کابینہ ذِمہ داران (کابینہ سطح پر 3 رکنی مجلس بھی شرکت کرے تو مدینہ مدینہ) | // |
| 3 | 6 | رُکن شوریٰ / نگرانِ مجلس | ملک | کابینات ذِمہ داران | // |

**وضاحت**: رُکنِ شوریٰ/ نگرانِ مجلس، پاکستان سطح کی مجلس کا ہر ماہ **مدنی مشورہ** فرمائیں، ایک ماہ **بذریعہ انٹرنیٹ** اور ایک ماہ **بالمشافہ**

❁ **کارکردگی جمع کروانے کی تاریخیں**: ❁ کابینہ: 5 ❁ کابینات: 6 ❁ ملک: 7

www.dawateislami.net

❁ مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لیے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لیے متعلقہ نگران سے اجازت ضروری ہے ❁ جب بڑی سطح کے ذمہ دار دیگر سطح کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ کرلیں تو اس ماہ ان کا ماہانہ مدنی مشورہ نہیں ہوگا ❁ اسی طرح جس ماہ نگرانِ کابینہ / مشاورت شعبے کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ فرمائیں گے، اس ماہ بھی شعبہ ذمہ داران ماہانہ مدنی مشورہ نہیں کریں گے۔ (شعبے کے مدنی کام کو مضبوط اور منظّم کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً اپنے نگرانِ کابینہ سے شعبے کے اسلامی بھائیوں کا مشورہ کروانا مفید ہے)

﴿26﴾ اجیر آئمہ کرام کو بروقت مشاہرے کی ادائیگی اور ان کے مسائل حل کرنا مجلس آئمہ کے ذمہ داران کی اہم ذمہ داری ہے۔

﴿27﴾ تمام ذمہ داران اپنے نگران سے مربوط رہیں، انہیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتے رہیں۔ جو نگران سے جتنا زیادہ مربوط رہے گا وہ اتنا ہی مضبوط ہوتا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہعَزَّوَجَلَّ

﴿28﴾ متعلقہ رکنِ شوریٰ / مجلس بیرونِ ملک ضرورتاً ان مدنی پھولوں میں تبدیلی کرسکتے ہیں۔

﴿29﴾ مجلس آئمہ کے ذمہ داران کا انداز گرم نہیں بلکہ نرم ہونا چاہیے، دورانِ ملاقات یا فون پر کوئی کیسی ہی ناگوار گفتگو کرے ہمیں صبر و تحمل کا دامن تھامے رہنا ہے اور کوئی ایسا انداز اختیار نہیں کرنا کہ کسی کی دل آزاری ہو۔

﴿30﴾ مجلس آئمہ کے ذمہ داران اپنے شعبے کی کمزوری سے اپنے نگران کو ضرور مطلع کریں تاکہ وہ بروقت جائزہ لے کر اس کمزوری کو دور کرسکیں۔

﴿31﴾ متعلقہ رکنِ شوریٰ اور نگرانِ مجلس کی اجازت سے وقتاً فوقتاً اپنے تحت آئمہ کرام کے تربیتی اجتماع کی ترکیب کرتے رہیں تاکہ پرانے اسلامی بھائیوں کی یاددہانی اور نئے اسلامی بھائیوں کی تربیت کا سامان ہوتا رہے۔

﴿32﴾ مجلس آئمہ کے ذمہ داران ہر مسجد میں کنز الایمان شریف (مع تفسیر خزائن العرفان، نور العرفان، صراط الجنان)، فیضانِ سُنّت، نیکی کی دعوت، غیبت کی تباہ کاریاں اور لنگرِ رسائل کے لیے بکس (Box) وغیرہ کی ترکیب کریں۔

﴿33﴾ ربیع الاوّل، گیارہویں شریف، رمضان المبارک وغیرہ بڑی راتوں میں مساجد میں مختصر اجتماعِ ذکر و نعت کی ترکیب کرکے نیکی کی دعوت کی خوب خوب دھومیں مچائیں۔

﴿34﴾ آئمہ و مؤذنین ہر ماہ 3 دن کے مدنی قافلے میں مجلس کی اجازت سے ضرور سفر کریں اس کی ترکیب یوں ہو مثلاً (زید) امام کی مسجد سے مدنی قافلہ تیار ہوگیا اور (بکر) امام کا بھی مدنی قافلہ تیار ہے تو متعلقہ مدنی تربیت گاہ کی اجازت سے (زید) امام کا قافلہ (بکر) کی مسجد میں بھیج دیں اور (بکر) امام کا قافلہ (زید) امام کی مسجد میں بھیج دیں تاکہ ان میں ہر ایک دُوسرے کی مسجد

www.dawateislami.net

میں نمازیں بھی پڑھائے اور مدنی قافلے کا جدول بھی چلائے۔

﴿35﴾ ہفتہ وار اجتماعات (اجتماع گاہ) میں نمایاں جگہ پر بینر آویزاں کریں۔ (پینافلیکس بینر کا نمونہ)

| |
|---|
| اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ<br>اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط<br>**مجلسِ آئمہ مساجد**<br>آئمہ کرام ومساجد کی معلومات کے لیے یہاں رابطہ فرمائیں |

﴿36﴾ **ذِمہ داران اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لئے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:**

❁ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتے رہیں، فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ امیرِ اہلسنّت، بہارِ شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔

❁ مدنی حلیے ﴿**داڑھی**، زُلفیں، سر پر سبز سبز عمامہ شریف (سبز رنگ گہرا یعنی ڈارک نہ ہو) **کلی والا سفید کُرتا سنّت** کے مطابق آدھی پنڈلی تک لمبا، آستینیں ایک بالِشت چوڑی، سینے پر دل کی جانب والی جیب میں نُمایاں مسواک، پاجامہ یا شلوار ٹخنوں سے اُوپر (سر پر سفید چادر اور پردے میں پردہ کرنے کیلئے **مدنی انعامات** پر عمل کرتے ہوئے کتھئی چادر بھی ساتھ رہے تو مدینہ مدینہ)﴾ کی پابندی کریں۔

❁ عملی طور پر مَدَنی کاموں میں شریک ہوں، روزانہ کم از کم 2 گھنٹے **مدنی** کاموں میں صرف کیجئے مثلاً **مدنی قافلے** میں سفر اور **مدنی انعامات** پر عمل کے لئے روزانہ **فکرِ مدینہ** کا ذہن دینے کے لیے کم از کم 2 اسلامی بھائیوں پر انفرادی کوشش، علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت، مدرسۃ المدینہ بالغان، بعدِ فجر مَدَنی حلقہ، صدائے مدینہ، چوک درس، پابندیٔ وقت کے ساتھ اوّل تا آخر ہفتہ وار اور دیگر اجتماعات میں شرکت وغیرہ۔

❁ اپنی اصلاح کی کوشش کے لیے **مدنی انعامات** پر عمل کے ساتھ ساتھ روزانہ **فکرِ مدینہ** کرتے ہوئے ہر ماہ **مدنی انعامات** کا رسالہ اپنے ذمہ دار کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں 30 دن اور ہر 30 دن میں کم از کم 3 دن جدول کے مطابق **مدنی قافلے** میں سفر کی ترکیب بناتے رہیں۔

❁ بلا ناغہ **فکرِ مدینہ** کرتے ہوئے عطّار کا **دوست، پیارا، منظورِ نظر اور محبوبِ عطّار** بننے کی سعی جاری رکھیے، اِستقامت پانے کے لئے کم از کم 3 دن کے **مدنی قافلے** میں سفر کو اپنا معمول بنالیجئے نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں کچھ **اشارے** میں اور کچھ **لکھ کر** کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ **نگاہیں جھکا کر** رکھنے کی ترکیب بنایئے۔

❁ اراکینِ مجلس، **مدنی انعام نمبر 47** پر عمل کرتے ہوئے روزانہ کم از کم **1 گھنٹہ 12 منٹ مدنی چینل** دیکھنے کی ترکیب بنائیں

www.dawateislami.net

نیز ہفتہ وار Live مدنی مذاکرہ دیکھنے کے ساتھ ساتھ دیگر **ریکارڈ** مدنی مذاکروں اور مدنی چینل کے سلسلوں کو اہتمام کے ساتھ دیکھنے کی مدنی التجاء ہے۔

❁ دورانِ مدنی کام و ملاقات امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلۂ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید/ طالب بنانے کی کوشش کرتے رہیں، مرید/ طالب ہو جائیں تو مجلس مکتوبات و تعویذاتِ عطاریہ سے مکتوب کی ترکیب اور شجرۂ قادِریہ، رضویہ، ضیائیہ، عطاریہ حاصل کرنے اور روزانہ پڑھنے کی ترغیب بھی دِلائیں۔

❁ مرکزی مجلسِ شوریٰ/ کابینات اور پاکستان سطح کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچانے کی ترکیب بنایئے۔

❁ مَدَنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مَدَنی انعام نمبر 24 اور 26 کے عامل بن جائیں ❁ مَدَنی انعام نمبر 24: کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینات، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کے بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی۔ ❁ مَدَنی انعام نمبر 26: کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بھائی) سے برائی صادر ہو جائے اور اصلاح کی ضرورت محسوس ہو تو تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ بلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کرکے غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھے؟

## مرکزی مجلسِ شوریٰ ﴿دعوتِ اسلامی﴾

**مَدَنی مقصد**: مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجَلَّ

**تاریخِ اجراء**: ۸ شعبان المعظم **۱۴۳۵ھ** / 7 جون 2014ء

www.dawateislami.net